# 128341 ـ چوتھی بیوی کو طلاق دینے کی حالت میں دوران عدت کسی اور عورت سے شادی کرنا

**سوال**

ایك شخص کی چار بیویاں ہیں، اس نے ان میں سے ایك بیوی کو طلاق دے دی تو اور وہ چار بیویاں مکمل کرنا چاہتے تو کیا طلاق شدہ بیوی کی عدت ختم ہونے سے قبل شریعت اسے شادی کرنے کی اجازت دیتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر طلاق رجعی ہو، یعنی اسے اس طلاق سے دوران عدت رجوع کرنے کا حق حاصل ہو تو مسلمانوں کے اجماع کے مطابق وہ دوران عدت کسی اور عورت سے شادی نہیں کر سکتا؛ کیونکہ رجعی طلاق والی عورت بیوی کے حکم میں ہوتی ہے.

لیکن اگر اس نے طلاق بائن دے دی ہو یعنی وہ آخری طلاق تھی تو پھر پانچویں عورت سے نکاح میں علماء کرام کا اختلاف ہے، لیکن احتیاط اسی میں ہے کہ عدت ختم ہونے تك وہ چوتھی عورت سے شادی مت کرے.

اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا ہے کہ وہ سب مسلمانوں کو دین کی سمجھ عطا فرمائے، اور دین پر ثابت قدم رکھے، یقینا اللہ سبحانہ و تعالی اس پر قادر ہے " انتہی

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن باز ( 22 / 178 ).

مزید استفادہ کے لیے آپ سوال نمبر ( 104777 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .